## سوال

(282) برہنہ حالت میں کسی کو دیکھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا مرد دوسرے مرد کو کپڑے تبدیل کرتے وقت دیکھ سکتا ہے؟ اور عورت بھی عورت کو کپڑے تبدیل کرتے وقت ننگی حالت میں دیکھ سکتی ہے؟ وضاحت فرمائیں۔ (محمد عبداللہ، شرقپور)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

آدمی کو آدمی کی شرمگاہ کی طرف دیکھنا اسی طرح عورت کو عورت کی شرمگاہ کی طرف دیکھنا حرام ہے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"مرد مرد کی شرمگاہ نہ دیکھے اور نہ ہی عورت عورت کی شرمگاہ دیکھے اور آدمی آدمی کے ساتھ ایک کپڑے میں برہنہ نہ لیٹے اور نہ ہی عورت عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں برہنہ لیٹے۔" (صحیح مسلم کتاب الحیض باب تحریم النظر الی العورات 74/338)

اس صحیح حدیث سے معلوم ہوا کہ مرد وخواتین کے لیے ایک دوسرے کی شرمگاہ کو دیکھنا حرام ہے۔ امام ابن القطان الفاسی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں۔

مرد کے لیے مردوں کی جنس سے شرمگاہوں کی طرف نظر دوڑانا حلال نہیں یہ بات شک وشبہ سے بالا ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔ اس کے بعد اوپر ذکر کردہ حدیث کو بطور استدلال پیش کیا ہے اور اسی طرح ص 286 پر عورت کا عورت کی شرمگاہ کی طرف دیکھنے کو حرام قرار دے کر یہی حدیث بطور دلیل ذکر کرتے ہیں۔ مذکورہ بالا حدیث سے واضح ہو گیا کہ مرد حضرات مردوں کی شرمگاہ کو نہیں دیکھ سکتے اسی طرح عورتیں، عورتوں کی شرمگاہ کو نہیں دیکھ سکتیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

محدث فتویٰ